سلسلہ اشاعت امامیہ مشن لکھنؤ نمبر ۲۴۸

انسان کامل

ہندو نقطۂ نظر سے

از
پنڈت
چھیلا کا پرشاد
صاحب جگیاسو

مطبوعہ
سرفراز قومی پریس لکھنؤ

قیمت ۲۰ نئے پیسے

محصول ڈاک ۸ نئے پیسے

maablib.org

تعارف

آپکے دینی و تبلیغی ادارہ امامیہ مشن لکھنؤ نے یہ طے کیا ہے کہ وہ نشر حسینیت کے ذیل میں گذشتہ زمانہ میں جو قابل قدر لٹریچر امام حسین ؑ سے متعلق منظر عام پر آچکا ہے اُسے یکجا کر کے محفوظ کر دے۔

چنانچہ اس سال کے سلسلہ اشاعت میں ہم جناب پنڈت چندر کا پرشاد صاحب جگیا سو کی وہ معرکہ آرا تقریر بصورت رسالہ شایع کر رہے ہیں جو موصوف نے یادگار حسینی لکھنؤ کے تاریخی جلسہ میں کی تھی۔

آپ کی تقریر فلسفیانہ اور پراز معلومات ہے جو معانی و مطالب کے اعتبار سے بیش بہا ذخیروں کو اپنے دامن میں لئے ہوئے ہے۔

افراد ملت سے پر زور استدعا ہے کہ اس رسالہ کی بھی کثیر تعداد غیر اقوام میں مفت تقسیم فرما کر

مقصد کی تقویت کا سبب بنیں

الداعی الی الخیر

سید ابن حسین نقوی

۱۰ صفر ۷۸ھ

آنریری سکریٹری امامیہ مشن لکھنؤ (انڈیا)

maablib.org

انسانِ کامل

ہمارا اور وطن ہندوستان ایک مذہبی ملک ہے۔ ہندوستان کی روح نے زمانہ قدیم سے صرف دھرم پر غور کیا ہے اور دھرم ہی پر اپنا سب کچھ تصدق کر دیا ہے۔ حضرت امام حسینؑ کے مبارک دل میں بھی اس سرزمین کے لیے پیار تھا۔ آپ نے جنگ کربلا کے آغاز میں ہی مسلمانوں کا خون بہانے اور یزیدیوں کو تباہی سے بچانے کی غرض سے جن تین شرائط کو یزید کے سامنے پیش کیا تھا۔ ان میں سے ایک میں آنحضرت نے ہندوستان میں تشریف لانے کی خواہش ظاہر فرمائی تھی۔ اسی ہندوستان میں جہاں ان کی شہادت عظیم کے تیرہ سو سال بعد آج اس تاریخی شاندار عمارت میں آپ ان کی بین الاقوامی یادگار منا رہے ہیں۔ میں اپنی تقریروں میں متعدد بار یہ بتا چکا ہوں کہ ہندوستان میں چار خاص مذاہب ہیں جنکا اپنا اپنا ضخیم مذہبی لٹریچر ہے، یہاں کا وہ ایک قدیم ترین مذہب ہی جو آریہ قوم کے اس ملک میں آنے سے قبل یہاں پھیلا ہوا تھا اور جو آجکل "سنت مت" کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ گرو گورکھنا تھ۔ سنت تکارام۔ رامانند۔ کبیر۔ نانک۔ سب اسی کے پیرو کار ہوئے ہیں اور اس وقت آگرہ کا دیال باغ اس کا اپٹوڈیٹ اکھاڑا مانا جاتا ہے اور

دکھن میں "درواڑ سنسکرتی" (ڈریوڈین تہذیب) کے نام سے وہاں کی تامل، تلگو وغیرہ تیرہ دکھنی زبانوں میں جس کا قدیم لٹریچر بھی موجود ہے اور موجودہ موئنجودرو و ہڑپا کی تحقیقات میں جس کے کثیر علامات ملتے ہیں دوسرا آریوں کا ویدک دھرم ہے جو ویدوں اور سنسکرت لٹریچر کے تمام ارش گرنتھوں میں موجود ہے جس کا اپٹوڈیٹ دعوے دار مہارشی دیانند سرسوتی کا قائم کیا ہوا آریہ سماج ہے، تیسرا جین دھرم ہے جس کا لٹریچر پراکرت اور سنسکرت زبانوں میں موجود ہے اور چوتھا بودھ دھرم ہے جس کا ترپٹک "مہاونس اور جاتک وغیرہ عظیم لٹریچر پالی زبان میں ہے جو تبت، سیلون، چین، جاپان، برما و سیام وغیرہ ممالک میں اس وقت بھی شان کے ساتھ رائج ہے۔ یہ چاروں ہندوستان کے قدیم مذاہب "کرم واد" یعنی مسئلہ تناسخ کے قائل ہیں، ان میں جین اور بودھ دو ایسے مذاہب ہیں جو خدا کی ہستی سے تو منکر ہیں لیکن انسان کامل کے پرستار ہیں۔ موجودہ ہندو مذہب جس کے ماتحت آج جمیع ہندو چل رہے ہیں، ان چاروں مذاہب کا مجموعہ ہے، چونکہ سنت مت کے بزرگ ہمیشہ سے تارک الدنیا اور فقراء رہے ہیں اور اس کا مذاق محض روحانیت رہا ہے اسی لیے وہ روحانیت کے متلاشیوں میں ہمیشہ سینہ بہ سینہ چلتا رہا ہے۔ وہ دنیاداری کے سماجی نظام سے ہمیشہ کنارہ کش رہا ہے۔ لیکن باقی تینوں دھرم چونکہ ہندوستان کے راج دھرم (شاہی مذاہب) رہ چکے ہیں، اس لیے ان تینوں دھرموں کے اصولوں کو لے کر یہاں ایک عام مذہب کی ساخت ہوئی تھی

maablib.org

وہی ہندوستان کا عام مذہب اب "ہندو دھرم" کہلاتا ہے۔ جین، بودھ اور ویدک ان تینوں دھرموں کی ایک ایک خصوصیت ہے۔ ویدک دھرم کی خصوصیت ہے "یگیہ اور ہون" جین دھرم کی خصوصیت ہے "تپ" یعنی روزہ نہار و ریاضت اور بودھ دھرم کی خصوصیت ہے "دان" یعنے زکوٰۃ و خیرات۔ موجودہ ہندو دھرم میں یہ تینوں خصوصیات ہیں۔ ہندو دھرم کی ساخت کے بارے میں صاف کہا گیا ہے۔

تریو دھرم اسکندھ یگیہ تپو دانم اتی

त्रयो धरम स्कंधः यज्ञस्तपो दानमिति

یعنی یگیہ، تپ اور دان یہ دھرم کے تین بڑے کھمبے ہیں جن پر ہندو دھرم کی عمارت کھڑی ہے۔ موجودہ ہندو مذہب کی کوئی ایسی رسم نہیں ہے جس میں اگیار (یعنی کچھ نہ کچھ آگ میں سلگایا نہ جاتا ہو۔ یہ یگیہ ہے۔ کوئی ایسی رسم نہیں ہے جس میں برت (روزہ) رکھنا ضروری نہ ہو۔ یہ تپ ہے۔ کوئی ایسی رسم نہیں ہے جس میں برہمن بھوجن یا برہمن کو سیدھا نہ دیا جاتا ہو۔ یہ دان ہے یہی وجہ ہے کہ جینوں اور بودھوں کی طرح موجودہ ہندو مذہب بھی انسان کامل (یعنی پورن پرش) یا (PERFECT MAN) کے اصول کا قائل ہے۔

یہ ایک عجیب مزا ہے کہ جب میں ہندوستان کے ان چاروں ممتاز مذاہب کے اندر انسان کامل کے جو صفات بیان کئے گئے ہیں ان کے ساتھ حضرت امام حسینؑ کے مبارک صفات کو منطبق کرتا ہوں تو میں ہندوستان کی مذہبی روح کے نقطۂ نظر سے آپ کو انسان کامل پاتا ہوں اور میرا دل حسینی

عقیدت و محبت سے بھر جاتا ہے۔ میں، آپ کے پبلک، اوصاف و صفات پر غور کرتا ہوں، آپ مجھے ہندوستان کی مذہبی روح کے ایک روشن مجسمہ نظر آتے ہیں۔ اور میں آپ کو اپنے مذہبی جذبات سے ایک لمحہ کیلئے بھی نظرانداز کرنے میں قاصر ہو جاتا ہوں۔ یہی وجہ ہے کہ میں یادگار حسینی کے ان بین الاقوامی جلسوں کو ہندوستان کے قومی اتحاد کے لیے نہایت ہی مبارک سمجھتا ہوں۔ کیونکہ مجھے یقین ہے کہ جوں جوں حسینی صفات کا مطالعہ اور ان پر غور و خوض کیا جائے گا تیوں تیوں ہندو مسلمانوں کے منتشر جذبات یکجائی اور منتفر مذہبی روح مانوس ہوتی جائے گی۔ اسی لئے میں کہتا ہوں کہ مبارک ہیں وہ دماغ جن میں حسینؑ کی بین الاقوامی یادگار منانے کی سوجھ پیدا ہوئی۔

اس وقت نہایت اختصار کے ساتھ بطور نمونہ کچھ باتیں پیش کرونگا اور وقت جہانتک اجازت دیگا کہتا رہوں گا۔

یہ مضمون کچھ فلسفیانہ ہے کیونکہ قدیم ہندوستان فلسفیوں کا مسکن تھا۔ ہندوستان کے فلسفیوں نے متفقہ طور سے نجات (نروان یا موکش) کو انسان کی انتہائی منزل تسلیم کی ہے اور یہاں کا ہر مذہب اپنے جداگانہ طریقوں سے انسانوں کو نجات حاصل کرنے کی تدبیر بتاتا ہے۔ چنانچہ جین مذہب جو اپنی تہذیب کے متعلق ویدک تہذیب سے بھی قدیم ترین اصلی اور بنیادی ہونے کا دعویٰ کرتا ہے، حصول نجات کے قابل انسان کامل کے تین صفات پیش کرتا ہے۔ اس کا مقولہ ہے۔

सम्यक दर्शन ज्ञान चारि त्रायी साक्षात्मो क्षमारी

"سمیک درشن گیان چارترانی ساکشان وکش مارگہ" جس کا مطلب ہے:

(۱) سمیک درشن یعنی صحیح نظر (Right vision)

(۲) سمیک گیان یعنی صحیح ادراک و علم (Right Knowledge)

(۳) سمیک چارترانی یعنی صحیح اخلاق (Right character)

ان تین صفات سے منور انسان حصول نجات کی قابلیت رکھتا ہے

آیئے اس جین نظریہ کو سامنے رکھ کر ذرا سیرت حسینی کی زیارت کریں۔

کہنا نہ ہوگا کہ حسینؑ کو "صحیح نظر" حاصل تھی۔ یزید کو شام و عرب کے تمام علماء جبکہ مسلمان سمجھ کر اس کے ہاتھ پر بیعت کر رہے تھے اور ان کے دل و دماغ پر جبکہ یزید غالب ہو رہا تھا، تب حسینؑ اُسے مسلمان نہیں نہیں بلکہ انسان کہلانے کا بھی اہل نہیں دیکھ رہے تھے اسی لیے آپ کو صحیح نظر (Right vision) حاصل تھی۔ حسینؑ جب کوفہ والوں کے بلانے پر اپنی بیوی بچوں اور بڑے بوڑھوں کو بے سر و سامان اور بلا تیاری کے اپنے ساتھ کوفہ کی جانب لے کر چلنے کو تیار ہوئے تو ہر سمجھدار آپ کو منع کرتا تھا اور ہر شخص آپکی غلطی بتاتا تھا، لیکن حسینؑ کی عقل اسی کو صحیح راستہ سمجھ رہی تھی کیونکہ آپ کو صحیح ادراک (Right Knowledge) حاصل تھا حسینؑ کے صحیح اخلاق (Right character) کا کیا کہنا ہے۔ کسی دشمن کو بھی کبھی آپ کے اخلاق میں کوئی رتی بھر لغزش ڈھونڈھے نہیں ملی حالانکہ اس وقت کے مورخین

سب مخالف پارٹی کے افراد تھے۔ اس لیے جین مذہب کے نقطۂ نظر سے حسینؑ اپنی جگہ انسان کامل تھے۔

دوسرا بدھ مذہب ہے جس نے دنیا کے ایک تہائی انسانوں کے دلوں کو مغلوب کر رکھا ہے۔ بودھ مذہب کی ریڑھ اس کا "آریہ اسٹانگک مارگ" ہے۔ بھگوان گوتم بدھ نے چار "آریہ ستیوں" یعنی چار اصل واعلیٰ ترین سچائیوں کو دیکھا اور ان کا احساس وعمل کیا تھا ان چاروں میں سے چوتھی سچائی پر جس میں کہ آٹھ صفات ہیں خود عمل کر کے انھوں نے اس کمال کو حاصل کیا تھا جس سے کہ وہ "نروان" میں پہونچے اور بنی نوع انسان کے لیے انھوں نے نروان یعنی نجات کاملہ کے حاصل کرنے کی ایک شاہی سڑک تلاش کر دی۔ گوتم بدھ کی دیکھی ہوئی وہ چاروں سچائیاں یہ ہیں

(۱) دُکھ (Suffering) یعنی اذیت کیا ہے؟

(۲) دُکھ سمودے (origin of suffering) یعنی اذیت کی بنیاد کیا ہے؟

(۳) دکھ نرودھ (distruction of suffering) یعنی اذیت کی تباہی وتخریب کیا ہے؟

(۴) دُکھ نرودھ کا مارگ Noble way of distruction of suffering یعنی اذیت کی تخریب کا راستہ کیا ہے؟

ہم دیکھتے ہیں حسینؑ نے بھی اپنی جگہ پر چار اصل سچائیوں کو دیکھا اور انکا احساس وعلم کیا تھا آپ نے دیکھا کہ :-

(۱) خودداری و نفس پرستی و شر انگیزاری دلوٹ کھسوٹ۔ جدال و قتال تباہی و بربادی بد چلنی و زناکاری، بیماری، موت اور آخر میں دوزخ کی آگ میں جلنا یہ اذیت ہے۔

(۲) ایک خدا کی ذات پاک یعنی حق پرستی اور نیکی پر ایمان کامل نہ لا کر ہزاروں دھموں میں پھنسے رہنا یعنی شرک، بت پرستی، اندھی نفس پرستی و ناعاقبت اندیشی یہ اذیت کی بنیاد ہے۔

(۳) خدا شناسی یعنی توحید و نیکی پرہیزگاری و نفس کشی و آخرت پسندی و قناعت و استغنا اور یتیموں و مسکینوں و مصیبت زدوں کی مدد کرنا یہ اذیت کی تخریب ہے۔

(۴) رسول کا بتلایا ہوا اسلام ہی اذیت کی تخریب کا صحیح راستہ ہے۔

بھگوان گوتم بدھ نے اذیت کی تخریب کا صحیح راستہ جس پر چل کر انسان انسان کامل (Perfect man) ہو جاتا ہے "اشٹانگک مارگ یعنی "آٹھ صفات کا غنی ہونا"، محسوس کیا تھا۔ کون آٹھ؟

(۱) سمیک درشٹی (Right views) صحیح نظریہ۔

(۲) سمیک سنکلپ (Right aspiration) یعنی صحیح آرزو یا صحیح ارادہ۔

(۳) سمیک واچا (Right speech) صحیح کلام یعنی حق گوئی۔

(۴) سمیک کرمانت (Right conduct) صحیح اخلاق یا صحیح افعال۔

(۵) سمیک آجیو (Right - livelihood) صحیح روزگار یا صحیح معیشت۔

(۶) سمیک ویایام (Right effort) صحیح ورزش یا صحیح جدوجہد یا صحیح کوشش۔

(۷) سمیک سمرتی (Right memory) صحیح حافظہ یعنی صحیح یادداشت۔

(۸) سمیک سمادھی (Right contemplation) صحیح تصور یا صحیح مراقبہ۔

جب ہم لارڈ بدھا کی بتائی ہوئی ان آٹھوں صفات کو حضرت امام حسین میں تلاش کرتے ہیں تو ہمیں یہ آٹھوں آپ کی سیرت میں واضح طور سے نمایاں ملتی ہیں۔ مثلاً

(۱) حسینؑ میں سمیک درشٹی یعنی صحیح نظر تھی یہ میں پہلے عرض کر چکا آپ نے جو کچھ دیکھا صحیح دیکھا جو شئے اندر باہر سے جیسی تھی اس کو ٹھیک ویسا ہی دیکھا۔

(۲) حسینؑ میں سنکلپ یعنی صحیح ارادہ تھا۔ اسے بھی میں عرض کر چکا ہوں۔ آپ نے اپنی زندگی میں جو بھی ارادہ کیا اور جس بات کی آرزو کی آپ کا وہ ارادہ اور وہ آرزو صحیح تھی۔

(۳) حسینؑ میں سمیک واچا یعنی صحیح کلام تھا۔ آپ جو بولے صحیح بولے۔ جس موقع پر جس شخص سے جو کچھ کہا درست اور صحیح تھا وہی اور اتنا ہی

آپ نے فرمایا، کہیں پر ایک نقطہ بھی کم و بیش یا غلط نہیں فرمایا۔

(۴) حسینؑ میں سمیک کرمانت یعنی صحیح اخلاق تھا اسے بھی میں پہلے عرض کر چکا کہ دشمن کو بھی آپ کے اخلاق میں کبھی کوئی غلطی ڈھونڈنے نہیں ملی۔

(۵) حسینؑ میں سمیک آجیو یعنی صحیح روزگار تھا۔ آپ نے کبھی غلط طریقہ سے روزی نہیں کمائی بلکہ آپ کے والد ماجد حضرت علیؑ نے تو بیت المال ہوتے ہوئے بھی مزدوری کر کے یعنی یہودیوں کے باغ میں پانی سینچ کر اپنا گذر بسر کیا۔ وہ بیت المال کو رعایا کی دولت سمجھ کر اسے رعایا کی بہبودی میں خرچ کرتے رہے اور حسینؑ کی والدہ حضرت فاطمہؑ چکی پیس کر چرخا چلا کر امور خانہ داری کی انجام دہی اپنے دست مبارک سے کر کے اپنی بسر کرتی تھیں اور ظاہر ہے کہ بچہ ماں باپ کی تشکیل ہوتا ہے۔

(۶) حسینؑ میں سمیک ویایام یعنی صحیح ورزش یا صحیح کوشش تھی۔ آپ کی کوئی ورزش، جہد، کوشش کبھی غلط نہیں ہوئی۔ آپ ہمیشہ جسمانی و روحانی دونوں ورزشیں صحیح کرتے تھے۔ یہی وجہ تھی کہ ایک طرف جہاں آپ روحانیت میں لاثانی تھے وہاں جسمانی بہادری میں بھی بے نظیر تھے۔ آپ نے باوجود تین دن کی تشنگی اور انتہائی دل کی خستگی کی حالت میں بھی کربلا میں تنہا ہزاروں سپاہیوں کے ساتھ بے نظیر بہادرانہ جنگ کی۔ سمیک ویایام (right effort) کے دوسرے معنی صحیح کوشش یا صحیح جہد بھی ہے صحیح جہد کیا ہے؟ یہی کہ اپنے جان و مال سے غریبوں، یتیموں کی مدد کرنا عبادت

یعنی روزہ کے ذریعہ دل کو پاک کرنا۔ نفس و غصہ کو جیتنا، گمراہوں کو نصیحت و نیک اخلاق کے ذریعہ سچے دین پر لانا وغیرہ۔

(۷) حسینؑ میں سمیک سمرتی یعنی صحیح حافظہ یا صحیح یادداشت تھی۔ آپ کبھی کوئی بات، کوئی وعدہ، کوئی فریضہ کبھی بھولے نہیں۔ آپ ایک لمحہ کے لیے کبھی یہ نہیں بھولے کہ آپ خدا کے پاس سے آئے ہیں اور آخر میں خدا کے پاس جانا اور تمام عمر کے کاموں کا حساب دینا ہے۔ آپ اس بات کو بھی کبھی نہیں بھولے کہ آپ رسول اللہ کے نواسے ہیں، ان کی پاک گود میں کھیلے ہیں، رسول اللہ نے پیار سے آپ کے لب چومے ہیں اور اس پیار ہی پیار میں آپ نے رسولؐ کی امت بچانے کا وعدہ کیا تھا اور آپ کے اوپر اسلام کے اصولوں کی انتہائی و کامل پابندی کی بہت بڑی ذمہ داری ہے۔ اس لیے نہیں بھولے کہ آپ کی یادداشت درست اور حافظہ صحیح تھا اور صحیح حافظہ (Right memory) انسان کامل کی ایک صفت ہے۔

(۸) حسینؑ میں سمیک سمادھی یعنی صحیح تصوّر و مراقبہ تھا۔ اپنے معبود کی یاد نہ آپ اپنے نانا کی مبارک گود میں بھولے اور نہ جنگ کربلا میں ۱۵۹ زخم کھانے کے بعد ملعون شمر کے خنجر کے نیچے۔ کیونکہ آپ اپنے معبود سے ایک لمحہ بھی الگ نہ ہو سکتے تھے۔ یہ آپ کے صحیح مراقبہ کی زندہ مثال ہے میرے خیال میں کوئی صاحب علم اس امر سے منکر نہیں ہو سکتا کہ حسینؑ ان آٹھوں صفات سے منور نہیں تھے جو بودھ مذہب کے نظریہ سے انسان کامل میں ہونا لازمی ہیں۔

جس طرح جین اور بودھ مذہب کے نظریہ سے حسینؑ انسان کامل ہیں اسی طرح

ہندو نظریہ سے بھی آپ کامل نظر آتے ہیں۔ موجودہ ہندو دھرم کی سب سے زیادہ مستند کتاب پاک بھگوت گیتا ہے۔ گیتا بھگوان کرشن کا پاک کلام ہے۔ گیتا میں چار خاص یوگ بیان ہوئے مانے جاتے ہیں یعنی:-

(۱) کرم یوگ۔

(۲) گیان یوگ۔

(۳) دھیان یوگ یا راج یوگ۔

(۴) بھگتی یوگ۔

حسینؑ میں یہ چاروں یوگ ہم نمایاں پاتے ہیں۔ کرم یوگ کی تعریف میں کہا گیا ہے کہ جو بلا کسی شخصی بہبودی خواہش کے محض دھرم یا فریضہ کی ادائی کیلئے ہر کام کرتا ہے وہی کرم یوگی ہے۔ صاف ظاہر ہے کہ حسینؑ کا کوئی کام کبھی اپنے شخصی مفاد یا شخصی آرام کے لیے نہیں ہوا۔ آپ نے جو کچھ کیا صرف دھرم کیلئے دین و دنیا کی بھلائی و بہبودی کے لیے کیا۔ یہاں تک کہ دھرم پر آپ نے اپنے آپ کو قربان کر دیا۔ اس لیے کہ آپ گیتا کے نظریہ کے مطابق سچے کرم یوگی تھے۔ آپ گیان یوگی بھی تھے، کیونکہ آپ آخرت و اجلی زندگی کو ہی اصلی زندگی سمجھتے تھے۔ آپ گیتا کے اُس کلام کو بخوبی سمجھے ہوئے تھے

[illegible] पर तरं नान्यत किंचिदा[illegible] धनंजय

(پرترم نانیت کنچد استی دھننجیہ)

یعنی ایک پرمیشور کی ذات پاک کے سوا باقی اور سب باطل ہے، آپ سچے حق شناس یعنی ایشور درشی تھے۔ حسینؑ دھیان یوگی یا راج یوگی بھی تھے کیونکہ آپ ہر وقت اپنے معبود سے توسل رکھتے تھے۔ کسی وقت ایک لمحہ بھی اس

maablib.org

سے جدا ہوتے تھے۔ یہی گیتا کے راج یوگ کا لب لباب ہے کہ انسان کو "پورن ٹیکت" یعنی باطن سے ہمہ تن مصروف ہونا چاہیئے۔ حسینؑ بھگتی یوگی یا پورن بھگت تھے۔ آپ نے ایشور یا اللہ کی مرضی کے لیے ہی اپنا سب کچھ تصدق و قربان کر دیا تھا۔ عبادت آپ کو از حد عزیز تھی۔ اپنے معبود کی عبادت کے لیے آپ نے خاص طور سے دشمن سے ایک رات کا موقع مانگا تھا اور نویں محرم کی تمام رات جو کہ آپ کی زندگی کی آخری رات تھی آپ نے صرف عبادت میں گذاری۔

علاوہ ان چاروں لوگوں کے بھگوان کرشن نے گیتا میں اپنے عزیز ترین و کامل بھگت کے صفات بھی بیان فرمائے ہیں۔ یہ صفات گیتا کے بارھویں ادھیائے میں بیان ہوئے ہیں۔ تین اشلوک پیش کرتا ہوں۔

अद्वेष्टा सर्वभूतानां मैत्रः करुण एव च ।
निर्ममो निरहंकारः समदुःखसुखः क्षमी ॥ (१३)
संतुष्टः सततं योगी यतात्मा दृढनिश्चयः ।
मय्यर्पितमनोबुद्धिर्यो मद्भक्तः स मे प्रियः ॥ (१४)
यस्मान्नोद्विजते लोको लोकान्नोद्विजते च यः ।
हर्षामर्षभयोद्वेगैर्मुक्तो यः स च मे प्रियः ॥ (१५)

गीता अध्याय (१२)

ان اشلوکوں میں بھگوان فرماتے ہیں کہ جو کسی سے بغض و کینہ نہیں رکھتا۔ جو سب کا دوست اور رفیق ہے۔ جو سب پر رحم کرتا ہے جو ممتا و سے خالی ہے جس میں غرور و تکبر نہیں ہے۔ رنج و راحت میں ہمیشہ

یکساں رہتا ہے۔ دمعافی دینے والا ہے جو ہر حالت میں صبر و شکر کرتا ہے جو یوگی یعنی حق میں ہمہ تن مصروف رہتا ہے جس نے اپنے نفس یعنی اپنے آپ کو جیت لیا ہے۔ جو عقیدت کا پختہ ہے جس نے اپنے دل و دماغ کو ایشور کے حوالے کر دیا ہے یعنی جو خدا کی مرضی کو ہی اپنی مرضی سمجھتا ہے جو نہ خود کسی سے مضطرب ہوتا ہے اور نہ جس سے کوئی دوسرا مضطرب ہوتا ہے اور جو خوشی۔ غصہ اور خوف کے غلبوں سے کبھی مغلوب نہیں ہوتا۔ ایسا کامل بھگت مجھے عزیز ترین ہے۔ بھگوان کے عزیز ترین کامل بھگت کے یہ چودہ صفات کا جب ہم حسینؑ کی اعلیٰ ترین شخصیت میں پتہ لگاتے ہیں تو ہم آپ کو ہر صفت سے منور و کامل پاتے ہیں۔ آج اس جلسہ میں اتنا وقت نہیں ہے کہ میں شہید انسانیت کے واقعات زندگی پر تبصرہ کرکے کہ کب اور کس موقع پر کس صفت کا آپ نے کامل طور پر اظہار کیا ہے اسے وضاحت کے ساتھ بیان کروں گو لطف بیان وضاحت ہی میں ہے۔

اس طرح حسینؑ کو جب ہم ہندوستان کے مذہبی نقطۂ نظر سے دیکھتے ہیں تو آپ میں ان تمام صفات کو نمایاں پاتے ہیں جن کے ہونے سے انسان "پورن پرش" یا "پرشوتم" ہو جاتا ہے۔ ہندوستان کے یوگ فلسفہ و مہا بھارت کے نارائنی دھرم میں اس بات پر کافی دلیل کی گئی ہے کہ نر ہی "نر" یعنی انسان ہی یوگ کی "بھوتیاں" و کمال حاصل کرکے "نارائن" ہو جاتا ہے اور ویدانت بھی اس اصول کی تصدیق کرتا ہے۔

میں نے جب مسلمان علماء سے پوچھا کہ کیا اسلام میں بھی انسان کامل کے لیے کوئی صفاتی معیار قائم کیا گیا ہے تو جواب ملا "ہاں" پوچھا

کون صفات؟ جواب ملا صرف ایک۔ پوچھا کون ایک؟ جواب ملا معصومیت
آہا! معصوم یعنی بے گناہ ہونا۔ کیا جامع اور پُرمعنی صفت ہے
انسانی حرکات کے صرف تین وسیلے ہیں۔

(۱) خیال۔

(۲) قول۔

(۳) فعل۔

انسان کچھ سوچتا ہے' یہ خیال ہے'
انسان کچھ بولتا ہے' یہ قول ہے۔
انسان کچھ کرتا ہے یہ فعل ہے۔

چوتھی کوئی انسانی حرکت نہیں ہے چنانچہ معصوم کامل بھی تینوں طرح
سے معصوم خیال ہے تو کبھی غلط تخیل نہ ہوگا، معصوم قول ہے تو کبھی غلط بیانی
نہ ہوگی، معصوم فعل ہے تو کبھی غلط کاری نہ ہوگی۔ اسلامی نقطۂ نظر سے
انسان معصوم پیدا ہوتا ہے، لیکن دنیاوی عیش و عشرت اور نفس پرستی
وغیرہ شیطانی فلبوں سے مغلوب ہو کر معصوم رہنے نہیں پاتا، ہندو فلسفیوں
نے بھی روح کو "नित्य शुद्ध मुक्त स्वभाव
نتیہ - شُدھ - مُکت سبھاؤ" بتایا ہے یعنی روح فطرتاً غیر فانی
پاک، معارف و نجات پسند ہے۔

ملاحظہ ہو کہ لفظ شُدھ یعنی پاک و لفظ معصوم ایک ہی معنی رکھتے ہیں
لیکن ہندوستانی و اسلامی نظریہ میں ذرا سا فرق بھی ہے اور وہ یہ ہے۔

"کرم واد" یعنی مسئلہ تناسخ۔ ہندوستان کے فلسفی زندگی کی شروعات اپنے اس موجودہ جسم سے ہی نہیں سمجھتے۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم نہایت قدیم زمانہ سے اجسام بدلتے ہوئے اپنے موجودہ جسم میں موجود ہیں۔ جس طرح انسان پھٹے پرانے کپڑوں کو بدل کر نئے کپڑے پہن لیتا ہے اسی طرح وہ پرانے اور ناقص جسموں کو بھی تبدیل کر کے نئے جسموں میں چلا آتا رہا ہے اور نئے جسموں میں آنے کے ساتھ ہی اپنے گذشتہ جسم کے سنسکار یا خصائص بھی اپنے ساتھ لیے آتا ہے۔ نسل انسان میں اختلاف خصائل کی یہی خاص وجہ ہے۔ خصائل قدیم روح کے ساتھ اسی طرح رہتے ہیں جس طرح برگد کے ننھے سے خشخاش برابر بیج میں وسیع برگد کا پیڑ چھپا ہوتا ہے اس لیے ان قدیم خصائص کو معدوم کر کے روح کی اصلی و فطری خاصیت "شدھی" یعنی معصومیت کو جسم پر غالب کر دینا باعث نجات ہے اسی لیے یہ سب صفاتی معیار قائم ہوئے اور انھیں "مارگ" یا "راستہ" کہا گیا ہے اور انھیں عبور کرنے والے انسان کو انسان کامل بتایا گیا۔

ان سب کے تذکرہ سے میری غرض صرف یہ ہے کہ جب ہم گہرائی کے ساتھ ہندوستان کے مذہبی نقطۂ نظر سے حسینؑ کی مبارک شخصیت کو دیکھتے ہیں تو ہر پہلو سے آپ کو کامل پاتے ہیں اور ہم کہہ اٹھتے ہیں کہ

حسینؑ ایک ایسا انمول ہیرا ہے جسے جس پہلو سے دیکھو بے عیب و بیش قیمت ہے۔

حسینؑ وہ خوشنما گلاب ہے جس کا ہر جزو اپنی خوبصورتی و خوشبو سے دل کو کھینچ لیتا ہے۔

حسینؑ ایسا کھرا سونا ہے جسے جوں جوں تپاؤ وہ خوش رنگ ہی ہوتا جاتا ہے

حسینؑ وہ روشن آفتاب ہے جس میں ہر رنگ موجود ہے اور واقعات کربلا ایک ایسا مرقع ہے جس میں دنیا کی تمام انفرادی خانگی و سماجی زندگی میں اُٹھنے والے ہر سوال کے حل کی تصویر ہے۔ اس میں باپ بیٹا۔ بھائی بہن، بیوی، شوہر، دوست، اقارب سب کے فرائض کی حد بندی کا عملی نمونہ موجود ہے۔ اس میں دینی و دنیاوی زندگی کا بھی ایک کامل عملی نمونہ موجود ہے۔ اس میں سیاسی جدو جہد اور سیاسی مشکلات کا بھی نمایاں حل موجود ہے۔ اگر غور سے دیکھا جائے تو دین و دنیا کا کوئی ایسا سوال نہیں ہے جسے حضرت امام حسینؑ نے اپنے کارناموں سے حل نہ کر دیا ہو۔

حسینؑ کا کوئی کام ادھورا نہیں ہے۔ ہر کام پورا اور کامل ہے۔ کامل انسان کا ہر فعل کامل ہوتا ہی ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ جنگ کربلا صرف مسلمانوں کی خانگی لڑائی نہیں ہے۔ بلکہ وہ نسل انسانی کے دو خاص فرقوں کی لڑائی ہے۔

یہ بھی کہا جاتا ہے کہ حسینؑ کے بہتر آدمیوں کے چھوٹے سے لشکر میں دنیا کی ہر خاص نسل کے انسان موجود تھے۔ اگر حسینی لشکر میں ہر نسل کے لوگ تھے تو یقیناً یزیدی لشکر میں بھی ہر نسل کے لوگ رہے ہوں گے۔ اگر یہ صحیح ہے تب بھی کربلا کو صرف مسلمانوں کی خانگی لڑائی نہیں کہا جا سکتا۔

حسینؑ نے یزید کے سامنے ایک متبرک مسلمان خاندان اور بہتر سچے مسلمانوں کو پیش کرکے اُسے چیلنج دیا کہ اے یزید! کیا تو دراصل مسلمان ہے؟ اور مغرور اور اندھے یزید نے آبِ پانی بند کرکے اور آپ کو از حد تکلیف دے کر نہایت ظالمانہ طریقہ سے ان سچے مسلمانوں کو قتل کرکے یہ ثابت کر دیا کہ وہ مسلمان نہیں ہے۔ کیونکہ ایک سچا مسلمان دوسرے مسلمان کے ساتھ کبھی ایسا ظلم نہیں کر سکتا۔ پھر حسینؑ نے ایک جاں بلب شیر خوار بچہ کو پیش کرکے یزیدیوں سے پانی کی درخواست کی اور وہ بے شیر پانی سے تڑپتا بچہ نہایت بیرحمی سے اپنے باپ کی گود میں تیر کا نشانہ بنا دیا گیا۔

اس واقعہ نے یہ ثابت کر دیا کہ یزیدی انسان بھی نہ تھے بلکہ انسانیت سے خارج مجسم حیوان و شیطان تھے۔ دوسری طرف حسینؑ نے اپنے ذخیرہ آب سے اسی ظالم کے لشکر کو یہاں تک کہ اونٹوں اور گھوڑوں کو بھی سیراب کرکے اپنے انسانی جوہر کے کمال کو دکھا دیا۔ یہ سب واقعات اس بات کے ثبوت ہیں کہ کربلا کی لڑائی حقیقت میں حق و باطل کی لڑائی تھی نیکی و بدی کی لڑائی تھی۔ ایک طرف نیکی، ایمانداری، نفس کشی، رحم، حق شناسی و خداپرستی ہے اور دوسری طرف بدی، مکاری، نفس پرستی، ظلم، ظلمت، خود پرستی یعنی شراب خواری، عیاشی اور رجملہ خصوصیات شیطانی ہیں۔ دونوں طاقتوں کا مقابلہ ہے۔

ظاہر طور سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ بدی کی جیت ہوئی۔ لیکن نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ یزید ہمیشہ کے لئے فنا ہو جاتا ہے اور حسینؑ ہمیشہ کے لیے زندہ ہو جاتے

ہیں۔ مولانا محمد علی صاحب نے بجا فرمایا ہے ؎

قتل حسینؑ اصل میں مرگ یزید ہے

اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

اسلام کے معنی ہیں نیکی یعنی یونیورسل گڈ (Universal Good)

اور نیکی کبھی ہے نیاب۔ لوگوں کی قربانی ہونے کے بعد نسیم امروہوی نے

"ساز حریت" میں کیا اچھا کہا ہے ؎

جہاں کو خواب فنا سے جگا دیا تو نے

بقا کے واسطے مرنا سکھا دیا تو نے

اگر بہ نظر غور دیکھا جائے تو دنیا میں صرف دو نسلوں کے لوگ ہیں

ایک وہ جو نیک ہیں اور نیک راہ پر چلتے ہیں اور نیکی کی پیروی کرتے ہیں

اور دوسرے وہ ہیں جو بد ہیں اور بدی کے پیروکار ہیں۔

اگر تمام دنیا کے ہر نسل کے لوگوں کو یعنی سیمیٹک، ہمیٹک، منگولین، سیتھین

آرین، ریڈ انڈین، نیگرو، ڈریوڈین، امریکین اور افریقن وغیرہ سب کو ایک جگہ

اکٹھا کیا جائے تو یہ تمام انسان صرف دو حصوں میں تقسیم کئے جا سکیں گے۔

ان میں سے ایک حصہ نیکوں کا ہوگا اور دوسرا بد لوگوں کا۔ پس انسانوں کی یہ

دو خاص نسلیں ہیں۔ اس لیے مجھے یہ کہنے کی اجازت دیجیے کہ جو لوگ نیکی کی

راہ پر گامزن ہیں وہ سب حسینی راستہ پر چل رہے ہیں۔ اور جو بدی کی راہ پر ہیں

وہ سب یزیدی راہ پر چل رہے ہیں، اور اسی لیے جو لوگ نیکی کی راہ پر

ہیں وہ چاہے کسی نسل کے بھی کیوں نہ ہوں چونکہ وہ حسینی راہ پر ہیں اس لیے

انھیں یہ کہنے کا حق حاصل ہو کہ وہ حسینؑ کے ہیں اور حسینؑ ان کے ہیں۔ برخلاف اس کے جو لوگ بدی کے راستے پر چلتے ہیں وہ سب یزیدی ہیں چاہے وہ ہاشمی خاندان اور سادات میں سے ہی کیوں نہ ہوں وہ حقیقتاً اس بات کے دعوے دار نہیں ہو سکتے کہ وہ حسینؑ کے ہیں اور حسینؑ ان کے ہیں۔ ہاں جو ہاشمی خاندان سے ہیں اور حسینی راستے پر بھی ہیں ان کا کیا کہنا ہے۔ سونے میں خوشبو ہے۔

آج اس وحشت ناک اور نازک زمانے میں بین الاقوامی طریقہ سے یادگار حسینی منا کر گویا آپ لوگ دنیا کے لوگوں کے سامنے یہ سوال پیش کر رہے ہیں کہ اے دنیا کے لوگو! اس مصیبت کے وقت جبکہ عالمگیر جنگ نے انسانوں کو درندہ بنا دیا ہے۔ جب کہ ایک نسل دوسری نسل کو مٹا دینے پر تلی ہوئی ہو جبکہ توپوں بموں اور ٹینکوں کی مار سے صدیوں میں تیار ہوئے دنیا کے خوبصورت اور عالیشان شہر منٹوں میں کھنڈر بن رہے ہیں۔ جبکہ کروڑوں انسان قتل ہو کر، نہیں نہیں زندہ وبسمل دفن ہو رہے ہیں۔ جبکہ خوں ریزی ظلم، تباہی، بربادی، بھوک اور افلاس سے دنیا دردناک آہ وزاری کر رہی ہے اور جنگ کے بادل ہندوستان پر گھر آئے ہیں معلوم نہیں کس وقت کہاں بمباری ہو، کس کا مکان جل جائے۔ کس کی جائداد لٹ جائے کس کا باپ مرے۔ کس کا بیٹا ہلاک ہو، کس کی عورتوں کی بے عزتی ہو آہ اس مصیبت وقیامت خیز زمانے میں اے، دنیا کے لوگو! اپنے حواس درست کر کے اپنے دلوں میں فیصلہ کرو اور بتاؤ تم کس راستے کو اختیار کرو گے؟ آیا تم یزیدی

راستے کے پیرو کار بن کر انسانی بربادی و تباہی کا مزہ نوٹو گے یا پاک حسینی راستے پر گامزن ہو کر مصیبت زدہ لوگوں کی مدد کرو گے ؟ میں حسینؑ کی یادگار میں دعا کروں گا کہ اے حسینؑ تو سچ مچ شاہ ہے تو بادشاہ ہے۔ تو ہی دین ہے اور تو ہی دین پناہ ہے۔ تیری شان میں مولانا معین الدین چشتی صاحب نے بہت ہی بجا فرمایا ہے کہ تو نے اپنا سر دیدیا لیکن باطل پرست یزید کے ہاتھ میں اپنا پاک ہاتھ نہیں دیا۔ اے حسینؑ اے نور علی نور اس مشکل وقت میں تو اپنی بے انتہا رحمت سے ہمارے دلوں کو روشن کر اور ہم میں وہ پاک دل وہ روحانیت وہ پاکیزگی وہ پیار اور وہ حوصلہ عطا کر جس سے کہ ہم تیری راہ پر چل کر دنیا کی کچھ بھلائی کر سکیں، آمین ثم آمین۔

پبلشر

مرزا امیر حسین اسسٹنٹ سکریٹری

امامیہ مشن لکھنؤ

(انڈیا)

MAAB 1431
maablib.org

واقعہ کربلا پر لٹریچر

نمبر رسالہ	نام رسالہ	[illegible]	[illegible]	نمبر رسالہ	نام رسالہ	[illegible]	[illegible]
	اردو						
۱	قاتلان حسینؑ کا مذہب	۴/	/۲	۱۸۱	منازل آلام حالات سفر اہلبیت	/۵	۱۰/
۷	حسینؑ اور اسلام	۴/	۱/	۱۸۶	مقصد حسینؑ	/۲	۱۰/
۳۷	محاربہ کربلا	/۳	۱/	۱۸۷	دین پناہ است حسینؑ	/۱	۱۰/
۴۰	اثبات عزاداری	/۶	/۲	۱۸۸	شب شہادت	/۱	۱۰/
۴۷	ذوالجناح	/۲	۱/	۱۸۹	شاہ است حسینؑ بادشاہ است حسینؑ	/۲	۱۰/
۴۸	شہدائے کربلا حصہ اول	/۶	/۲	۱۹۰	شہادت زار کربلا	۱۰/	۱۰/
۵۵	″ ″ دوم	/۷	/۲	۱۹۱	تاریخ اسلام میں واقعہ کربلا کی اہمیت	/۳	۱۰/
	″ ″ سوم	/۶	/۲	۱۹۲	اگر واقعہ کربلا نہ ہوتا تو کیا ہوتا	/۴	۱۰/
۵۷	حسینؑ کا پیغام عالم انسانیت کے نام			۱۹۳	انتقامات علی الحق کا معیاری نمونہ	/۱	۱۰/
				۱۹۴	زندۂ جاوید کا ماتم	/۱	۱۰/
۷۰	اسیری اہل حرم	/۳	۱/	۱۹۵	طاقت کا مقابلہ کردار سے	/۲	۱۰/
۷۵	مظلوم کربلا	/۳	۱/	۱۹۸	جناب مسلم بن عقیلؑ	/۲	۱۰/
۱۱۲	عزائے حسینؑ پر تاریخی تبصرہ	/۳	۱/	۲۰۰	جناب ہانی بن عروہؓ	/۴	۱۰/
۱۱۷	مسالک عزا	/۱۴	/۲	۲۰۱	عزاداری اور بدعت	/۴	۱۰/
۱۴۱	شجاعت کے مثالی کارنامے	/۲	۱/	۲۰۲	مراسم عزا کا ثبوت اور آثار شہادت		
۱۵۸	شاہزادہ کربلا	/۴	۱/			/۴	۱۰/
۱۵۹	معصوم شہزادی	/۲	۱/	۲۱۹	حسینؑ اور قرآن	/۳	۱۰/
۱۶۰	صدیقہ صغریٰ			۲۲۰	شہادت حسینؑ	/۳	۱۰/
۱۶۱	تیر عزاداری ہد	/۲	۱۰/	۲۲۱	ذکر حسینؑ	/۲	۱۰/
۱۶۲	ازواج حسینؑ	/۲	۱۰/	۲۲۲	حسینؑ کا پہلا قدم	/۲	۱۰/
۱۶۵	برکت شہادت	/۵	۱۰/	۲۲۳	یثرب کا مسافر سرزمین کربلا پر	/۳	۱۰/
۷۰	پیغمبر اسلام کی قربانی شہید اعظم حسین ابن علیؑ	/۳	۱۰/	۲۲۴	حق و باطل کا آخری معرکہ	/۱	۱۰/

نمبر رسالہ	نام رسالہ	[illegible]	[illegible]
۲۵	محرم اور امام حسینؑ	۱۵/	۱۰۱/
۲۲۸	حسینؑ برگزیدہ	۴/	۱۰۱/
۲۳۰	جواز بکا علی الحسینؑ	۲/	۱۰۱/
۲۳۱	تشدد کا مقابلہ عدم تشدد سے	۰۲/	۱۰۱/
۲۳۲	اشک ماتم	۰۲/	۱۰۱/
۲۴۱	معرکۂ عشق و بغض علیؑ	۳/	۱۰۱/
۲۴۳	قتیل العبرۃ	۳/	۱۰۱/
۲۴۵	جہاد حسینی	۱۱	۱۰۱/
۲۴۶	شہادت حسینؑ کی مختصر کہانی	۱۱	۱۰۱/
۲۴۷	حسینؑ اور یزید کی شخصیت دنیا کے مذاہب میں	۰۲/	۱۰۱/
۲۴۸	انسان کامل ہندو نقطۂ نظر سے	۱۳/	۱۰۱/
۲۴۹	مشاہیر عالم میں امام حسینؑ کا مرتبہ	۱۳/	۱۰۱/
۲۵۰	حسینی قربانی	۱/	۱۰۱/
۲۵۱	لاجواب قربانی	۱۱	۱۰۱/
۲۵۲	حسینؑ اور انسانیت	۳/	۱۰۱/
۲۵۳	حق و باطل کی یادگار جنگ	۲/	۱۰۱/
۲۵۴	حسینؑ اور ان کی تعلیم	۳/	۱۰۱/
	انگریزی		
۹	حسینؑ اور اسلام	۱۲	۱۰۱/
۳۰	دی ٹریجڈی آف کربلا	۸/	۱۰۱/

نمبر رسالہ	نام رسالہ	[illegible]	[illegible]
۵۰	حسینؑ ان دی پلین آف کربلا	۱۴/	۱۰۱/
۶۵	دی لاسٹ میسج آف حسینؑ	۱۳/	۱۰۱/
۷۱	دی مشن آف حسینؑ	۱۴/	۱۰۱/
۷۶	دی مارٹر آف کربلا	۱۲/	۱۰۱/
۹۹	امام حسینؑ میسج ٹو دی نیشن	۱۲/	۱۰۱/
۱۳۸	محرم	۱۲/	۱۰۱/
۱۶۷	آفٹر کربلا	۱۴/	۱۰۱/
۱۶۸	دی مارٹر انٹرنیشنل	۱۲/	۱۰۱/
۱۸۳	ذوالجناح	۱۲/	۱۰۱/
۱۹۷	ڈیمینیشن اینڈ سالوشن تھرٹیتھ	۱۴/	۱۰۱/
۲۰۳	وائلنس ورسز ورچو	۱۳/	۱۰۱/
۲۰۶	دی الرائیٹ کربلا	۱۲/	۱۰۱/
۲۰۸	حسینؑ دی سیویر آف اسلام	۱۲/	۱۰۱/
۲۲۷	دی نائٹ بیفور مارٹیڈم	۱۲/	۱۰۱/
۲۴۲	اسلام	۱۴/	۱۰۱/
	ہندی		
۸	حسینؑ اور اسلام	۸/	۱۰۱/
۱۱۸	محرم کا سامان	۲/	۱۰۱/
۱۴۱	حسینؑ اور ہندوستان	۱۳/	۱۰۱/
۱۶۶	کربل نگری	۴/	۱۰۱/
۱۶۹	مہان انتر راشٹریہ شہید	۴/	۱۰۱/
۱۹۲	ذوالجناح	۱۳/	۱۰۱/
۱۹۹	امر سینانی	۷/	۱۰۱/

ملنے کا پتہ :- امامیہ مشن نخاس لکھنؤ

mahablib.org